© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اشارات

حضرات انبیائے کرام اور داعیانِ حق جس مقصد کو لے کر اٹھتے ہیں وہ ایمان کی دعوت ہے۔ ایمان کوئی منفی چیز نہیں ہے بلکہ ایک مثبت حقیقت ہے۔ اس کا عملی فائدہ صرف اس صورت میں حاصل ہو سکتا ہے جب یہ پوری طرح دل میں راسخ ہو۔ یہ استحکام و رسوخ پیدا ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اس کی بنیاد نہایت پائیدار اور محکم استدلال پر ہو۔ اس کے بغیر نہ تو یہ ایمان زندگی کے لیے ایک محرک کا کام دے سکتا، نہ اس سے تمام اعتقادی و عملی جزئیات وجود میں آ سکتیں، نہ یہ زندگی کے وسیع الاطراف گوشوں میں انسان کی نگرانی کر سکتا۔ اس وجہ سے داعیانِ حق کا کام نہ تو مجرد تحکم سے چل سکتا، نہ مغالطے سے وہ اپنا مقصد حاصل کر سکتے، نہ الزامی قسم کے دلائل ان کے کام آ سکتے، نہ محض شاعرانہ اور خطیبانہ قسم کا استدلال، جو فطرت اور عقل کے اندر اپنی کوئی اساس نہ رکھتا ہو، ان کے مقصد کو پورا کر سکتا۔ اس طرح کے سفسطہ اور الزامی و خطابی طرزِ استدلال سے وہ لوگ تو بے شک اپنا کام نکال سکتے ہیں جن کے پیشِ نظر صرف مخاطب کو ساکت کر دینا یا اس کو مغالطے میں ڈال کر اپنا کوئی مقصد حاصل کر لینا ہو لیکن جن کے سامنے مخاطب کو چپ کرنا نہیں، بلکہ اس کی تمام قوتوں اور قابلیتوں کو صحیح راہ پر چلنے کے لیے بیدار کرنا ہو، اور جن کا مقصد لوگوں کو مسحور یا مرعوب کر کے کسی راہ پر ہانک دینا نہیں، بلکہ ان کی فطرت اور عقل کو اس طرح جگا دینا ہو کہ مشکل سے مشکل راہوں میں ہر شخص خود اپنی رہنمائی کر سکے وہ اولاً تو استدلال کی ان قسموں کو سرے سے ہاتھ ہی نہیں لگاتے اور اگر لگاتے ہیں تو اس امر کو پوری طرح نگاہ میں رکھتے ہیں کہ ایک پاک اور اعلیٰ مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ اس کے وسائل و ذرائع بھی نہایت پاک اور اعلیٰ ہوں۔ اس چیز نے انبیائے کرام اور داعیانِ حق کے طرزِ استدلال کو دوسروں کے طرزِ استدلال سے بالکل ممیز کر دیا ہے جس کی بعض نمایاں خصوصیات کی طرف ہم یہاں اشارہ کریں گے۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱- استدلال ہوا اور پانی کی طرح ایک عام ضرورت کی چیز ہے۔ ہر انسان زندگی کو صحیح طور پر بسر کرنے کے لیے ایمان کا محتاج ہے اور محکم ایمان بغیر محکم استدلال کے حاصل نہیں ہو سکتا اس وجہ سے استدلال کے لیے دو باتیں ضروری ہیں پہلی یہ کہ استدلال کا طریقہ اتنا فطری اور سادہ ہو کہ ہر شخص جس طرح اپنی ضرورت کے مطابق زمین اور فضا کے ذخیرۂ آب و ہوا سے ہوا اور پانی حاصل کر لیتا ہے اور اس میں اس کو کوئی خاص دقت نہیں پیش آتی اسی طرح ہر شخص زمین و آسمان کے آثار و آیات سے اپنے اطمینان قلب کے لیے جس قدر چاہے دلیلیں پیدا کرلے اور اس میں اس کو تفکر و تذکر کے سوا کسی اور چیز کا اہتمام نہ کرنا پڑے۔ دوسری یہ کہ جس طرح انسان کی جسمانی صحت کے لیے ضروری ہے کہ جس پانی کو وہ پی رہا ہے وہ صاف ہو اور جس ہوا میں سانس لے رہا ہے وہ تازہ ہو اسی طرح اس کی عقلی صحت کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ جس استدلال سے اصول زندگی حاصل کر رہا ہے وہ بالکل بے آمیز خالص اور پاک ہو۔ ان دونوں باتوں کو حاصل کرنے کے لیے حضرات انبیائے کرام اور داعیان حق کا ہمیشہ یہ طریقہ رہا ہے کہ انھوں نے ایک طرف تو استدلال و حجت کے ان مصنوعی طریقوں سے ہٹ کر اپنی راہ نکالی جو کسی قوم میں علمی و فنی ترقیوں سے پیدا ہو جاتے ہیں اور ایک خاص پیشہ ور گروہ کے سوا دوسرے اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ دوسری طرف اس تمام مواد کا انھوں نے جائزہ لیا جو استدلال و حجت کے لیے کام میں لایا جاتا ہے اور اس میں سے چھانٹ کر صرف اس چیز کو اپنے حجت و استدلال کے لیے کام میں لائے ہیں جو ہر قسم کی غیر فطری ملاوٹ سے پاک ہو۔ اس طرز استدلال کا پہلا فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ انسانوں کا ایک انبوہ عظیم جو اس سے پہلے بالکل اندھا بہرا بنا ہوا گنتی کے چند انسانوں کے پیچھے لگا ہوا ہوتا ہے دفعتہً اپنی آنکھوں سے دیکھنے اور اپنے کانوں سے سننے لگتا ہے۔ دوسرا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اب تک سڑے گلے مواد استدلال کے نگلتے رہنے کی وجہ سے دلوں اور روحوں پر جو مردنی طاری رہتی ہے اس صالح مواد استدلال کے چند لقمے حلق سے اتارتے ہی دفعتہً دور ہو جاتی ہے اور کھانے والا اپنے آپ کو بالکل چاق و چوبند محسوس کرنے لگتا ہے۔

---

داعیان حق اور انبیائے کرام کے طرز استدلال کی یہی وہ خصوصیت ہے جس کی وجہ سے عقل انسانی ان کے زمانے میں کروٹ لیتی ہے اور ایک عام ذہنی بیداری ہر گوشہ میں نمودار ہو جاتی ہے یہاں تک کہ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گوشوں میں بھی ایک حرکت پیدا ہو جاتی ہے جہاں سے کسی اچھی خبر کی کسی کو بھی امید نہیں ہوتی۔ ہر طرف تنقید کی نگاہیں کھل جاتی ہیں۔ ہر آنکھ دیکھنے اور ہر زبان بولنے لگتی ہے۔ فکر و استدلال کے پرانے طریقے جو اب تک نہایت محبوب تھے فرسودہ اور دقیانوسی معلوم ہونے لگتے ہیں۔ اور بہت سی ایسی چیزیں جن کو ہر شخص ماخذ استدلال و حجت بنائے ہوئے بیٹھا تھا، بالکل بے مصرف اور بے وقعت ہو جاتی ہیں۔ یہ ذہنی انقلاب ان لوگوں پر بہت گراں گذرتا ہے جو........ اپنی قدیم محبوبات و مالوفات کو حق سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں اور وہ دل سے چاہتے ہیں کہ اس میں مزاحمت پیدا کریں لیکن نہ اس چیز کو روکا جا سکتا نہ اس کو روکنا صحیح ہے۔ البتہ جس چیز کی نگرانی کی ضرورت ہے وہ یہ چیز ہے کہ جو ذہنی آزادی پیدا ہو رہی ہے اس کا بہاؤ صحیح رخ پر ہو۔ اس میں بے اعتدالی اور مطلق العنانی نہ پیدا ہونے پائے۔

---

۲۔ انبیاء اور اہل حق کے طرز استدلال کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ وہ صرف دلیل نہیں دیتے بلکہ مخاطب میں استدلال کی قابلیت بھی پیدا کرتے ہیں۔ اور انفرادی و اجتماعی زندگی میں جس ہمہ گیر انقلاب کی دعوت لے کر آتے ہیں وہ انقلاب اس وقت تک پائیدار بنیادوں پر قائم نہیں ہو سکتا جب تک وہ انسان کی فکری و نظری صلاحیتوں کو پوری طرح جگا نہ دیں۔ زندگی کوئی مفرد اور بسیط چیز نہیں ہے جس کو صحیح طور پر گذار دینے کے لیے چند گنے چنے اصولوں کی رہنمائی کافی ہو سکے۔ یہ گوناگوں ظاہری و باطنی مطالبات و مقتضیات کا مجموعہ، بے شمار انفرادی و اجتماعی روابط و علائق کا شیرازہ، ان گنت شخصی، عائلی اور قومی حقوق و فرائض کا ایک گنجینہ ہے۔ پھر وہ پوری کی پوری ہماری نظروں کے سامنے موجود بھی نہیں ہے کہ ہر شخص کی گرفت میں آ سکے اور تجربہ و مشاہدہ کی روشنی میں اس کی ہر حالت کیلئے پہلے سے ایک حکم معین ہو سکے۔ بلکہ اس کا ماضی اور مستقبل دونوں غیب کے پردوں میں چھپا ہوا ہے۔ صرف تھوڑا سا حاضر ہے جس کے اشارات کی روشنی میں اس کے ماضی کو بھی جانتا ہے اور اسی کی رہنمائی سے اس کے مستقبل کو بھی معین کرتا ہے۔ ایسی حالت میں زندگی کی رہنمائی کے لیے قانون و آئین کے متعین و محدود ضابطے کافی نہیں ہو سکتے، بلکہ ضروری ہے کہ اس ضابطہ کے ساتھ انسان کے اندر فکر صالح کی ایک ایسی کبھی نہ بجھنے والی روشنی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بھی ہو جو زندگی کے ان مخفی گوشوں میں بھی اس کی رہنمائی کرسکے جہاں رہنمائی کے لیے اس کے پاس کوئی ضابطہ نہ ہو۔ یہ فکر صالح انبیا اور اہل حق کے طرز استدلال سے خود بخود مخاطب کے اندر پیدا ہوتا ہے۔ انبیاء جب اپنی اصولی تعلیمات کا آغاز کرتے ہیں تو اس کی طرح ہی اس طرح ڈالتے ہیں کہ اس فکر صالح کی تخم ریزی کے لیے خود بخود دلوں اور روحوں کے اندر زمین بھی ہموار ہو جاتی ہے اور اس کے بیج بھی پڑ جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنے کام سے فارغ ہوتے ہیں تو ایک طرف تو شریعت کا ایک شاداب باغ تیار موجود ہوتا ہے جو ہر شخص کی نگاہوں کے سامنے ہوتا ہے اور دوسری طرف حکمت کا ایک لہلہاتا ہوا چمن بھی وہ ہر قلب صالح کے اندر اگا دیتے ہیں جو اگرچہ نگاہوں کے سامنے نہیں ہوتا لیکن اس کی بہار ہمیشہ قائم ...... اور اس کی شاخیں ہر موسم میں ثمر بار رہتی ہیں۔ بظاہر تو اس کی حیثیت انبیاء کی اصل تعلیم کے مقابل میں ایک ضمنی کاشت اور ضمنی پیداوار کی ہے لیکن اپنی قدر و قیمت اور اپنے بیش بہا فوائد کے اعتبار سے یہ اصل کے برابر جگہ پاتی ہے۔ یہی چیز ہے جس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "مجھے قرآن دیا گیا اور اسی کے مثل اس کے ساتھ ایک اور چیز" اسی شجر مبارک کے پھل پھول ہیں جو ہمیں احادیث کی صورت میں ملے ہیں۔ یہی چیز ہے جس کی نسبت قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے کہ "جس کو یہ چیز ملی اس کو خیر کثیر کا خزانہ ملا"۔ اسی کی نسبت قرآن میں یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ "صرف نصیبہ ور لوگ ہیں جن کو یہ چیز ملتی ہے"۔ اور اسی کو بعض احادیث میں ایسے خزانہ سے تشبیہ دی گئی ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے۔

---

یہ تخلیقی صفت صرف اہل حق اور حضرات انبیائے کرام کے طرز استدلال کے ساتھ مخصوص ہے کسی مناظر اور متکلم کے استدلال میں یہ چیز آپ کو نہیں مل سکتی۔ منطقی طرز استدلال اس پہلو سے سب سے زیادہ ناقص ہے۔ منطق کو زیادہ سے زیادہ جو عزت دی جا سکتی ہے وہ یہ کہ ایک استدلال کو اپنی کسوٹی پر جانچ کر وہ بتا سکتی ہے کہ یہ استدلال صحیح ہے یا نہیں۔ استدلال کی قابلیت پیدا کرنا اس کے بس سے باہر ہے۔ اور یہ کام بھی منطق سے صرف ایک خاص حد ہی تک لیا جا سکتا ہے۔ قرآن میں اور انبیاء کے کلام میں ہم کو استدلال کی ایسی نازک قسمیں بھی ملتی ہیں جن کو منطق کی ترازو پر سرے سے تولا ہی نہیں جا سکتا لیکن ہمارے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

متکلمین جنھوں نے منطق کو اس کی حیثیت سے زیادہ درجہ دیا۔ کوڑا تولنے کی اس ترازو سے ان اشرفیوں کو بھی تولنا چاہا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انھیں اشرفیوں کی صحیح قدر و قیمت معلوم نہ ہو سکی اور ان کو وہ کوئلوں سے بھی کم تر قرار دے بیٹھے۔

---

ل

اہل فلسفہ فکر انسانی کو اس بات کی ٹریننگ تو ضرور دیتے ہیں کہ وہ استدلال واستنباط کے مختلف میدانوں میں جولانی کر سکے لیکن انھوں نے اپنے مواد استدلال، طرز استدلال اور ذرائع استدلال تینوں کو رطب ویابس کا مجموعہ بنا دیا ہے جس کی وجہ سے ان کے طریقہ پر سوچنے والا انسان حیرانی و سرگشتگی کے سوا کچھ نہیں حاصل کر سکتا۔ ان کی رہنمائی میں اگر انسان چند قدم صحیح راہ میں اٹھاتا ہے تو ساتھ ہی مجبور ہوتا ہے کہ چند قدم غلط سمت میں بھی اٹھائے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان کی ساری زندگی مختلف وادیوں کی آوارہ گروی اور اٹکل کے تیر تکے چلانے میں گزر جاتی ہے اور چند متناقض و متضاد الجھے ہوئے افکار کے سوا اس کے پلے کچھ نہیں پڑتا۔ اس معاملہ میں فلسفہ قدیم ہو یا فلسفہ جدید سب کا حال یکساں ہے۔ سب کے اصول فکر میں الجھاؤ اور ہر ایک کے نتائج فکر میں پریشانی ہے۔ اور اب کہ سائنس کی ترقیوں نے سارا مدار تجربہ ومشاہدہ پر قائم کر دیا ہے اور انسان اس خبط میں مبتلا ہو گیا ہے کہ دل ودماغ کی آنکھوں سے دیکھنے کے بجائے وہ سب کچھ سر کی آنکھوں سے دیکھ کر مانے گا، کوئی توقع ہی اس بات کی باقی نہیں رہ گئی کہ اس کا ایک قدم بھی جادۂ مستقیم پر پڑے گا۔ اب تک فلسفہ کی بنا جن اصولوں پر تھی ان میں سے بعض غلط تھے تو بعض صحیح بھی تھے جس کی وجہ سے اس کے خوابہائے پریشاں میں سے بعض خواب سچے بھی ہو جاتے تھے اور آدمی کے لیے صرف سچے اور جھوٹے میں امتیاز کی مشکل تھی۔ لیکن اب تو سارا تکیہ حس ومشاہدہ پر رہ گیا ہے اور حس ومشاہدہ کی جہانگیری معلوم ہے کہ وہ کہاں تک ہے۔ اس کے سوا آج اگر کوئی چیز فلسفہ کے نام سے موجود ہے تو وہ اہل تشکیک کا فلسفہ ہے جس کی ساری بنیاد حواس وعقل کی بے اعتباری پر قائم ہے اور ظاہر ہے کہ یہ کوئی فلسفہ نہیں بلکہ تمام علم وفلسفہ کی کلی نفی ہے۔ اور دنیا کو حیرانی کے سوا اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حضرات انبیاے کرام کا طریقہ استدلال نہ اہل منطق کے طریقہ کی طرح بانجھ ہے اور نہ اہل فلسفہ کے طریقہ کی طرح پریشان کن۔ بلکہ وہ فکر انسانی کی اس طرح تربیت کرتے ہیں کہ وہ خود بخود صحیح راہ پر چلنے لگے اور منزل مقصود کا سراغ...... اس کے اندر یہ یقین پیدا کر دے کہ اس نے جو راہ اختیار کی ہے وہ صحیح ہے۔ وہ پہلے تو ماخذ استدلال کی طرف توجہ دلاتے ہیں، یعنی آفاق و نفس کی طرف۔ آفاق سے مراد نظام کائنات کے آثار و آیات اور قوانین و ضوابط ہیں جو اس دنیا میں ہر شخص کو بادنیٰ توجہ نظر آتے ہیں۔ نفس سے مراد وہ قوتیں اور قابلیتیں اور وہ یقینیات ہیں جن کو ہر انسان اپنے اندر دیکھتا اور محسوس کرتا ہے۔ وہ ان میں سے نمایاں چیزوں کی طرف انگلی اٹھاتے ہیں اور ان سے جو باتیں لازم آتی ہیں ان کو پیش کرتے ہیں۔ یہ پیش کرنا کبھی تو ایسی تصریح کے ساتھ ہوتا ہے کہ پوری بات بالکل بے نقاب ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ اور کبھی تربیت کے خیال سے ایسا بھی ہوتا ہے کہ لازمی نتیجہ کی طرف صرف اشارہ کر دیا جاتا ہے تاکہ مخاطب خود اس نتیجہ تک پہنچے۔ اس سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ مخاطب میں صحیح نتائج نکالنے کی قابلیت پیدا ہو جاتی ہے جو زندگی کے سفر میں ہر مرحلہ میں اس کے کام آتی ہے۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ وہ اس کو دوسرے کی بات سمجھ کر اس کی تردید یا انکار کے درپے نہیں ہوتا بلکہ اس کو خود اپنا نتیجہ فکر سمجھ کر اس کو قبول کرنے کی طرف مائل ہوتا ہے۔ تیسرا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس طرح مخاطب و متکلم میں استاذ و شاگرد کے بجائے باہم رفیق کی نسبت پیدا ہو جاتی ہے اور مخاطب میں یہ احساس کمتری نہیں پیدا ہوتا کہ میں اس نتیجہ تک دوسرے کی انگلیاں پکڑ کے پہنچا ہوں بلکہ وہ یہ خیال کرتا ہے کہ ہم دونوں مشترک طور پر اس نتیجہ تک پہنچے ہیں۔ یہ باتیں مقصد دعوت کو اتنے مختلف پہلوؤں سے فائدہ پہنچاتی ہیں کہ ان کی تفصیل کے لیے یہاں گنجائش نہیں ہے۔

---

یہ حقیقت محتاج بیان نہیں ہے کہ استدلال کی ساری قسموں میں فطرت انسانی سے سب سے زیادہ مناسبت رکھنے والی قسم یہی لوازم سے استدلال کی قسم ہے، اس وجہ سے اہل حق اور حضرات انبیائے کرام نے اس کو سب سے زیادہ برتا ہے۔ آدمی جب ایک امر کا آفاق میں مشاہدہ کرتا ہے یا اپنی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فطرت کے اندر اس کا یقین محسوس کرتا ہے تو جو باتیں اس سے لازم آتی ہیں ان کا انکار نہیں کر سکتا بشرطیکہ وہ صحیح ترتیب کے ساتھ اس کے سامنے پیش کی جائیں۔ اگر انکار کرے گا تو محض زبان سے انکار کرے گا، اس کا دل اس کے اس انکار کا ساتھ نہ دے گا۔ اور اس انکار پر اس کے لیے زیادہ دنوں تک جمے رہنا صرف اسی حالت میں ممکن ہے جب وہ کھلا ہوا معاند اور ہٹ دھرم ہو۔ ایک امر کے لوازم کی حیثیت اجمال کے بعد تفصیل کی ہوتی ہے اور ہر آدمی سے جس میں حق پرستی اور سچائی کی کوئی رمق باقی ہے، توقع کی جاتی ہے کہ وہ جس بات پر مجملاً ایمان رکھتا ہے اس کی تفصیلات اور لوازم سے گریز نہ کرے گا۔ جن لوگوں نے قرآن مجید کے دلائل پر غور کیا ہے وہ ہماری اس بات کی تصدیق کریں گے کہ اس کے بیشتر دلائل کی نوعیت یہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ جو شخص قرآن، اپنے دل کو ہر طرح کے تعصبات سے پاک کر کے پڑھتا ہے وہ محسوس کرتا ہے کہ وہ اپنے ہی صحیفۂ دل کی تلاوت کر رہا ہے اور اس کی ہر صدا اپنے ہی ضمیر و دل کی آواز کی طرح سنے مانوس معلوم ہونے لگتی ہے۔

---

۳- اہل حق اور انبیائے کرام کے طرز استدلال کی تیسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ عام اہل مناظرہ کی طرح مخاطب کے کسی غلط مسلمہ کو بنائے استدلال نہیں بناتے۔ اگر ایک شخص ایک غلط بات کو مان رہا ہے تو وہ اس بات کا مستحق ہے کہ اس کی اصلاح کی جائے نہ کہ اس کی اس غلطی کی وجہ سے اس کو اس بات پر مجبور کیا جائے کہ وہ چند اور غلطیوں کو بھی تسلیم کرے۔ جو لوگ اپنے مخاطب کو صرف خاموش کر دینے کا شوق رکھتے ہیں، یا اس کو اپنی بات کے آگے جھکانا چاہتے ہیں یا اس کو کسی مغالطہ میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں، ان کے استدلالی کارناموں میں سب سے زیادہ اہمیت اسی چیز کو حاصل ہوتی ہے۔ لیکن اہل حق اس چیز سے اس حد تک گریز کرتے ہیں کہ اگر مخاطب کے کسی غلط مسلمہ پر اپنے کسی حق کو بھی ثابت کر سکتے ہوں جب بھی وہ ایسا نہیں کرتے۔ ان کی نظروں میں اس حق کی کوئی وقعت نہیں ہے جس کی بنیاد کسی باطل پر ہو۔ اس طرح کا کھوکھلا اور بے اساس حق مناظرہ کی مجلسوں میں ممکن ہے کچھ دیر کے لیے ذہنی چمک دمک دکھا دے لیکن زندگی کی مہمات میں یہ کچھ کام نہیں دیتا۔ زندگی کی مہمات میں صرف وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حق کام دیتا ہے جس کی ......... جڑیں فطرتِ انسانی کے اندر دور دور تک پھیلی ہوئی ہوں اور اس کی وسعتوں کا یہ حال ہو کہ تمام فضا اس کے برگ و بار میں چھپ جائے۔ ہمارے متکلمین نے بالعموم یہ غلطی کی ہے کہ اسلام کے کسی اصول کی حقانیت ثابت کرنے کے لیے جب انھیں اپنے گھر کی کوئی دلیل نہیں ملی تو انھوں نے دوسروں کے کسی نظریہ اور واہمہ کو اساس بنا کر اس پر اپنے مزعومات کی عمارت کھڑی کر دی۔ اس طرح کی غلط وکالت سے اسلام کو جو نقصان پہنچا ہے اس قدر اسلام کے مخالفین کی مخالفتوں سے اس کو نہیں پہنچا۔ ظاہر ہے کہ اسلام کے کسی اصول کو صحیح عقلی و فطری دلائل سے نہ ثابت کر سکنا اس وجہ سے نہیں تھا کہ خدانخواستہ اسلام اپنے اصولوں کی سچائی کے عقلی و فطری دلائل نہیں رکھتا بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ حضرات غیر فطری عقلیات سے اپنا مذاق اس قدر بگاڑ چکے تھے کہ اسلام کی عقلیت کی قدر و قیمت کو یہ پہچان ہی نہیں سکتے تھے۔ ایسی صورت میں ان کے لیے صحیح راہ یہ تھی کہ خواہ مخواہ کو اسلام کی وکالت کا ذمہ نہ لیتے بلکہ اپنے جن مشغلوں میں مشغول تھے ان میں مشغول رہتے لیکن دینِ آبا کی حیثیت سے اسلام کے لیے ان کے دلوں میں جو عصبیت تھی وہ انھیں مجبور کرتی تھی کہ وہ جس دین کا نام لیتے ہیں عقلی اصولوں پر اس کی سچائی ثابت کریں۔ اسلام کی عقلیت ان کے فسادِ مذاق اور قرآن سے محرومی کی وجہ سے ان کے دل کو اپیل نہیں کرتی تھی اس وجہ سے وہ مجبور ہوئے کہ اسلام کو اس عقلیت کے معیار پر پورا ثابت کر دیں جو ان کے زمانوں میں مقبولِ عام و خاص ہے۔ ان کی اس غلط کوشش کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کی محکم اور سچی تعلیمات کی ساری عمارت اس کی اپنی چٹان سے زیادہ مضبوط بنیادوں سے ہٹا کر دوسروں کی بالکل کمزور اور بھس جیسی بنیادوں پر کھڑی کر دی گئی۔ ان حضرات نے یہ کوشش کتنی ہی نیک نیتی سے کی ہو لیکن اس کے نتائج نہایت ہی خطرناک نکلے۔ زمانہ کے امتداد اور افکار و حالات کے انقلاب نے جب وہ نظریات بے حقیقت ثابت کر دیے جو کل تک مقبولِ عام تھے تو اس کی زد لازماً اسلام کے ان اصولوں پر بھی پڑی جن کو ان غلط نظریات پر ڈھالنے کی کوشش کی گئی تھی۔ اس طرح ہمارے متکلمین کی بدولت اسلام کے متعلق بہتوں کے ذہن میں یہ خیال پیدا ہو گیا کہ جس طرح وہ نظریات پرانے ہو گئے اسی طرح اسلام بھی پرانا ہو گیا۔ یہ سوءِ ظن پیدا کرنے میں جس طرح ہمارے پرانے متکلمین نے حصہ لیا ہے اسی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

طرح ہمارے متکلمین نے بھی اس میں حصہ لیا ہے اور اس میں بنیادی غلطی جو چھپی ہوئی ہے وہ یہی ہے کہ حق کی حمایت کے لیے ان لوگوں نے حق کو کافی نہیں سمجھا بلکہ اس کے لیے باطل کا تعاون ضروری سمجھا۔ حالانکہ حق کے معنی ہی یہی ہیں کہ وہ ثابت اور محکم ہوتا ہے اور عقل و فطرت کے اندر اس کی جڑیں نہایت دور تک پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔ لیکن ہمارے متکلمین یونانیوں کے بتائے ہوئے طریقۂ فکر و استدلال کے اتنے خوگر ہو چکے تھے کہ وہ قرآنی طرز استدلال کی باریکیوں اور خوبیوں کو نہیں سمجھ سکتے تھے۔ حالانکہ اگر وہ استدلال کی ان خلاف فطرت روشوں کو چھوڑ کر قرآن اور پیغمبر کے حکیمانہ طرز استدلال کو سمجھنے کی کوشش کرتے تو انھیں معلوم ہوتا کہ قرآن کے ہر دعوی کی بنا ایسے محکم دلائل پر قائم ہے جو زمان و مکان کی تمام قیود و حدود اور انقلاب آراء و افکار کے تمام اثرات سے بالکل آزاد ہیں۔

---

۴۔ داعیان حق کے طرز استدلال کی چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنے اور اپنے مخاطب کے درمیان قدر مشترک تلاش کر کے اس کو بنائے بحث و استدلال بناتے ہیں۔ ہر گوشہ میں خواہ مخواہ اپنی انفرادیت اور یکتائی کے اظہار کی کوشش نہیں کرتے۔ نوع انسانی اپنے ظاہری اختلافات کے لحاظ سے کتنی ہی بے میل، متفرق اور پراگندہ کیوں نہ نظر آئے لیکن اس کے اس تفرق اور پراگندگی کی تہ میں بے شمار اصول و عقائد ایسے بھی ہیں جن میں سب متحد ہیں۔ آفاق کے قوانین و ضوابط، تاریخ کے مسلمات، فطرت کے یقینیات اور بنیادی اخلاقیات میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن میں شرق و غرب اور عرب و عجم سب ایک ہی نقطۂ نظر رکھتے ہیں، اور اگر ان کو بحث و استدلال کی اساس قرار دے کر اس بات کی سعی کی جائے کہ منطقی طور پر ان اصولوں سے جو باتیں لازم آتی ہیں لوگ ان میں بھی متفق اللفظ ہو جائیں تو یہ بات ان لوگوں کو اپیل کرتی ہے جو نیک نیت اور سلیم الفطرت ہوتے ہیں۔ زندگی کے جو اصول مشترک ورثہ کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے لوازم میں جو اختلاف ہوتا ہے وہ اکثر سوء فہم اور تقلید سے پیدا ہوتا ہے اور اس کو کوشش کر کے اگر مٹا دیا جائے تو ہر شخص ان کو مشترک ورثہ ہی کی حیثیت سے قدر و عزت کی نگاہوں سے دیکھنے لگتا ہے۔ حضرات انبیائے کرام نے ہمیشہ یہی طریقہ استدلال و حجت کے لیے اختیار کیا ہے۔ دیکھیے مشرکین اور اہل کتاب پر جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اتمام حجت فرمایا ہے اس کی تمام تفصیلات قرآن مجید میں موجود ہیں۔ اس کو پڑھتے ہوئے کہیں یہ گمان نہیں گزرتا کہ ان سے کسی ایسی بات کا مطالبہ کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا جا رہا ہے جو ان کے لیے بالکل نادر اور انوکھی ہو۔ اور ان کی تاریخ، ان کی روایات، ان کے معروف بزرگوں اور ان کے عقائد و اخلاق میں اس کی اصل موجود نہ ہو۔ اختلاف جو کچھ نظر آتا ہے وہ صرف اصول کی تعبیر اور ان کے لوازم و نتائج میں نظر آتا ہے اور اسی کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالبہ تھا کہ اصول و جزئیات میں جو تناقض پیدا ہو گیا ہے لوگ اس کو دور کر لیں۔ اگر وہ بات حق ہے جو قرآن مجید کہہ رہا ہے تو اس کو مان لیں اور اگر وہ بات حق ہے جس کے وہ مدعی ہیں تو اس کو صحیح ثابت کر دیں۔ اس طرز استدلال کا فائدہ یہ ہے کہ داعی کے متعلق یہ بدگمانی نہیں پیدا ہوتی کہ یہ کوئی ایسا شخص ہے جو اپنی انفرادیت کے زعم میں تمام ماضی پر خط نسخ پھیرنا چاہتا ہے اور اپنی شخصیت کا سکہ جمانا چاہتا ہے بلکہ یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ ہمارے ہی اگلوں کا ورثہ ہماری طرف منتقل کرنے آیا ہے۔ اور اگر کچھ لوگ شرارت کی وجہ سے بدگمانیاں پھیلانا بھی چاہتے ہیں تو زیادہ عرصہ تک نہیں پھیلا سکتے۔ اصل حقیقت بہت جلد نمودار ہو کر ان ظلمتوں کو کافور کر دیتا ہے۔

---

جو لوگ اہل حق کے اس طرز استدلال کی خوبیوں اور فوائد سے واقف نہیں ہیں ان کا طرز عمل بالعموم اس کے بالکل ضد ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف یہ کہ قدر مشترک تلاش نہیں کرتے بلکہ جو قدر مشترک انھیں ملتا ہے اسے بھی نقطۂ اختلاف بنا دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک ان کے استدلال اور ان کی دعوت کی اصلی خوبی یہی ہوتی ہے کہ دنیا کے کان اس سے ابتک بالکل ناآشنا رہے ہیں۔ اور آسمان کے نیچے بالکل پہلی مرتبہ انھوں نے اس کو آشکارا کیا ہے۔ ہمارے مناظرین جو اسلامی دعوت کے صحیح مزاج سے واقف نہیں ہیں وہ بالعموم اسی طرح کے خبط میں مبتلا ہیں۔ وہ اسلام کی کسی حقیقت کو جب بھی پیش کرتے ہیں اس کا اصلی کمال اسی بات میں سمجھتے ہیں کہ اس کو نادرترین ثابت کریں۔ یہ چیز قدرتی طور پر طبائع میں انس کے بجائے اس سے بیزاری پیدا کرتی ہے اور لوگ بجائے اس کے کہ اسے اپنی چیز سمجھ کر اس کا شوق کریں اسے اجنبی چیز سمجھ کر اس سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں۔

۵۔ داعیان حق کے طرز استدلال کی پانچویں خصوصیت یہ ہے کہ وہ الزامی طریق استدلال کا جواب کبھی اختیار نہیں کرتے۔ الزامی طریق استدلال سے ہماری مراد وہ نہیں ہے جس کو ہم اوپر استدلال بالوازم سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عنوان سے ذکر کر چکے ہیں بلکہ اس سے ہمارا اشارہ ہمارے مناظرین اور متکلمین حال کے اس غلط طریقہ کی طرف ہے جو عموماً وہ موجودہ معترضین اور نکتہ چینیوں کے مقابل میں اسلام کی حمایت کے لیے اختیار کرتے ہیں۔ ان کا مقبول عام طریقہ یہ ہے کہ جہاں کسی مذہب والے نے اسلام کی کسی بات پر اعتراض کیا وہ ...... جھٹ اسی قبیل کی مثالیں اس مذہب کی تعلیمات کے اندر سے پیش کرنا شروع کر دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اس طرح انھوں نے اسلام کو اعتراض کی زد سے محفوظ کر لیا۔ حالانکہ یہ بات اصولی طور پر غلط ہے دوسرے کی کسی غلطی کی بنا پر ہماری کسی غلطی کا حق ہونا تو الگ رہا ہمارے کسی حق کا حق ہونا بھی مشتبہ ہو جاتا ہے اس طریق استدلال کا فائدہ اگر کوئی ہے تو زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ معترض چپ ہو جاتا ہے اور اس سے ہمارے غرور نفس کو تسلی ہو جاتی ہے لیکن اس سے نہ تو مخالف کو اسلام کی حقانیت کا ثبوت ملتا نہ خود اپنے آپ کو اس سے شرح صدر حاصل ہوتا بلکہ یہ الٹے اپنی کمزوری کا نہایت کھلا ہوا ثبوت ہے جو ہم خود اپنی زبان سے دوسروں کے لیے بہم پہنچاتے ہیں۔ ہر امر حق اپنی دلیل خود اپنے اندر رکھتا ہے۔ اس کی دلیل دوسرے کے کسی باطل کے اندر نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے صحیح طریقہ صرف یہ ہے کہ اس کے دلائل خود اس کے اندر سے پیش کیے جائیں۔ اس معاملہ میں ہمارے متکلمین کی روش غلط ہونے کی وجہیں دو ہیں۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ مخالفین کے پروپیگنڈے سے مرعوب ہو جانے کی وجہ سے بسا اوقات اسلام کے بعض نہایت سچے اصولوں کی سچائی خود ان کی نظروں میں مشتبہ ہو گئی، اور انھیں ان کی حمایت کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ کار ہی نظر نہیں آیا کہ الزامی طریق جواب اختیار کر کے مخالف کو چپ کریں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ان حضرات نے اپنی وکالت وحمایت کی ذمہ داری صرف اسلام ہی کے حد تک محدود نہیں رکھی بلکہ قومی تعصب کے جذبہ کی وجہ سے انھوں نے مسلمان قوم کی پوری تاریخ کی حمایت بھی اپنے سر لے لی جس کی وجہ سے ان کا محاذ جنگ بہت لمبا ہو گیا اور انھیں بہت سی ایسی چیزوں کا حق ہونا بھی ثابت کرنا پڑا جن کو حق ثابت کرنا اس وقت تک ممکن ہی نہیں تھا جب تک وہ دوسروں کے بہت سے باطل کو بھی حق ثابت نہ کر دیں۔ ہمارے متکلمین کا وہ سارا لٹریچر جو گزشتہ نصف صدی کے اندر تیار ہوا ہے اور جس میں جہاد، غلامی، تعدد ازواج، طلاق اور مسلمان سلاطین کے کارناموں کے جواز وغیرہ پر بحث کی گئی ہے وہ تمام تر اسی صورت حال کی شہادت ہے اور اس کو پڑھ کر

(باقی مضمون صفحہ ۳۴ پر)

© rasailojaraid.com